سوال

(148) ٹیلہ اوچان موجود ہو وہاں گورستان بنانا جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خسف شدہ بستی جو کہ بصورت ٹیلہ اوچان موجود ہو وہاں گورستان بنانا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جہاں ثمود ہلاک ہوئے وہاں سے جلدی گزر جانے کی وجہ رسول اللہ ﷺ نے یہی بیان کی ہے، کہ کہیں تمہیں بھی وہ عذاب نہ پہنچے جو ان کو پہنچا اس سے معلوم ہوا کہ ایسی جگہ غضب الٰہی کی جگہ ہے، پس ان میں دفن کرنا ٹھیک نہیں۔

(عبداللہ امرتسری روپڑ) (فتاویٰ اہل حدیث جلد نمبر ۴ ص ۴۷۰)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 256

محدث فتویٰ